© rasailojaraid.com



# کراچی آپریشن اور موجودہ حالات، ایک جائزہ

زاہد عسکری

مملکتِ خداداد پاکستان کا سب سے بڑا شہر، ملک کی اقتصادی شہ رگ اور منی پاکستان کہلانے والا روشنیوں کا شہر آج تاریکیوں کے سایے اور گھٹا ٹوپ اندھیروں میں گھرا ہوا ہے۔ تہذیب یافتہ باسیوں کی شناخت رکھنے والا کراچی گذشتہ تین عشروں سے اپنی اصل شناخت کی تلاش میں ہے۔ اس شہر پر اپنا حق جتانے اور اس شہر کے مینڈیٹ کا دعویٰ کرنے والوں نے دہشت گردی، بھتہ خوری، قتل و غارت گری، ٹارگٹ کلنگ، بوری بند لاشوں اور لوٹ مار کو اس شہر کی شناخت بنا دیا ہے۔ اس شہر کے حالات عرصۂ دراز سے خراب چلے آرہے ہیں اور ملک میں برسرِاقتدار آنے والے حکمرانوں نے حالات کو بہتر بنانے اور یہاں کے باسیوں کو اس عذابِ مسلسل سے نجات دلانے کے لیے کبھی کوئی ٹھوس اقدامات اور سنجیدہ کوششیں نہیں کیں۔ اگر حکومتی سطح پر یہاں کے حالات بہتر کرنے اور مسئلے کا کوئی مستقل حل نکالنے کی کوششیں کی جاتیں تو جو حالات آج ہیں، وہ نہ ہوتے اور صورت حال یقیناً بہتر ہوتی۔

کراچی کے حالات بہتر کرنے کے لیے کئی مہینوں سے کراچی میں جاری آپریشن جسے ''ٹارگٹڈ آپریشن،، کا نام دیا گیا ہے، کے حوالے سے کافی شور وغوغا سنائی دے رہا ہے۔ اس آپریشن کے شہر کے حالات پر کیا اثرات مرتب ہوئے ہیں؟ حالات میں کوئی بہتری آئی ہے؟ اس کی اصل حقیقت سے کراچی کے عام شہری سے زیادہ کوئی اور واقف نہیں، کیونکہ کراچی کے شہری روزانہ ان حالات سے گزرتے ہیں جب وہ پے در پے ہونے والی ٹارگٹ کلنگ کی وارداتوں کی خبریں سنتے ہیں۔ جب ان کو شہر کی اہم شاہراہیں اور سڑکیں بند ملتی ہیں۔ جب ان سے گاڑیاں، موٹر سائیکلیں اور



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



موبائل فون چھین لیے جاتے ہیں۔ جب یہاں تاجروں اور عام دوکانداروں کو بار بار بھتے کی پرچیاں ملتی ہیں، وہ یا ان کے اہل خانہ اغوا برائے تاوان کی کسی واردات کا شکار ہوکر اپنی اور اپنے پیاروں کی جان بچانے کے لیے اِدھر اُدھر ہاتھ پیر مارتے ہیں اور ان کی کہیں سے کوئی دادرسی نہیں ہو پاتی۔ ان حالات میں ملک کی اعلیٰ عدلیہ سے کراچی کی عوام کو بڑی امیدیں وابستہ تھیں اور عدالت عظمیٰ نے اس حوالے سے عوامی امیدوں اور توقعات کے مطابق اپنا مثبت اور مؤثر کردار بھی ادا کیا، مگر کراچی کی انتظامی مشنری اور حکومتی اداروں نے عدالت عظمیٰ کے فیصلوں اور احکامات پر ان کی اصل روح کے مطابق عمل درآمد سے گریز کیا اور پہلوتہی برتی جس کی وجہ سے یہ سارے فیصلے اور احکامات اپنے وہ اثرات مرتب نہ کرسکے جو کرنا چاہییں تھے۔

عدالت عظمیٰ میں کراچی میں امن و امان کے حوالے سے مقدمات کی سماعت مسلسل کئی کئی روز تک جاری رہی۔ معزز جج صاحبان نے متعدد بار بنیادی مسائل کی جانب واضح طور پر نشان دہی بھی کی۔ حکومت اور متعلقہ اداروں کو ان کے فرائض منصبی کی جانب بار بار توجہ دلائی اور ایک لحاظ سے عدالت جو کام کرسکتی تھی اس نے کیا۔ ان مقدمات میں بار بار یہ بات سامنے آئی کہ کراچی میں جاری بدامنی، دہشت گردی، قتل و غارت گری، بھتہ خوری، ٹارگٹ کلنگ، لوٹ مار اور اغوا برائے تاوان کی وارداتوں میں یہاں کے حکمران اور ان کے اتحادی براہ راست ملوث ہیں۔ عدالت عظمیٰ نے ایم کیو ایم پیپلز پارٹی اور اے این پی کا واضح طور پر نام بھی لیا اور کہا کہ یہ جماعتیں خود سے وابستہ مجرموں کو تحفظ فراہم کرتی ہیں اور اس تحفظ کو ختم کیے بغیر حالات بہتر نہیں ہوسکتے۔

۱۱مئی ۲۰۱۳ء کو ہونے والے عام انتخابات کے بعد صوبہ سندھ میں پیپلز پارٹی اور مرکز میں مسلم لیگ نواز برسراقتدار آئی۔ مرکز میں میاں نواز شریف کے وزیراعظم بننے کے بعد کراچی کے تاجروں اور شہریوں کو بڑی امید تھی کہ صوبہ سندھ بالخصوص کراچی کے حالات ضرور بہتر ہوں گے، اور مختلف حلقوں کی جانب سے وزیراعظم نواز شریف اور وفاقی وزیر داخلہ چودھری نثار سے یہ مطالبات اور اپیلیں بھی کی جانے لگیں کہ وہ کراچی میں امن و امان کی بد سے بدتر ہوتی صورت حال کا نوٹس لیں اور حالات کو بہتر بنانے کے لیے وفاقی حکومت اپنا کردار ادا کریں۔ حالات کے اس پس منظر میں وزیراعظم نواز شریف، وزیر داخلہ چودھری نثار اور اپنی ٹیم کے ہمراہ کراچی تشریف لائے، یہاں قیام

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کیا اور مختلف اجلاسوں اور میٹنگوں میں شریک ہو کر انھوں نے حکومتی ذمہ داروں اور متعلقہ اداروں سے بریفنگ لی۔ متعدد اہم فیصلے اور اقدامات طے کیے گئے اور اعلان کیا گیا کہ سندھ کے وزیراعلیٰ قائم علی شاہ کی 'کپتانی' میں ایک ٹائم فریم کے مطابق کراچی میں دہشت گردوں بھتہ خوروں، ٹارگٹ کلرز، اغوا برائے تاوان میں ملوث مجرموں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ایک مؤثر آپریشن کیا جائے گا۔ وہ اوران کی حکومت اس حوالے سے سندھ حکومت کو ہر ممکن مدد اور تعاون فراہم کرے گی۔ وزیراعظم نواز شریف نے اس دورے میں کراچی کی مختلف دینی و سیاسی جماعتوں کا بھی ایک مشترکہ اجلاس بلایا اور سب جماعتوں کو اعتماد میں لیتے ہوئے اپنے عزائم اور منصوبوں سے آگاہ کیا اور یہ بات ریکارڈ پر موجود ہے کہ ایم کیو ایم، پیپلز پارٹی اور اے این پی سمیت تمام جماعتوں نے ان کوششوں کی حمایت اور تائید کی۔ حتیٰ کہ ایم کیو ایم نے تو یہاں تک کہہ دیا اور مطالبہ کیا کہ حالات کو بہتر بنانے کے لیے کراچی کو فوج کے حوالے کیا جائے لیکن ایم کیو ایم کے اس مطالبے کو اکثریت کی طرف سے پذیرائی نہیں مل سکی، جب کہ بعض حلقوں نے یہ بھی کہا کہ ایم کیو ایم ایک طرف تو آپریشن کی حمایت کر رہی ہے اور دوسری طرف فوج اور عوام کو لڑانا چاہتی ہے۔

یہ بات ہر ذی شعور جانتا ہے کہ مجرموں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی سے پہلے ہی اگر شور مچانا شروع کر دیا جائے تو اس سے مجرموں کو ہی فائدہ پہنچتا ہے۔ ان کو فرار ہونے اور اپنے ٹھکانوں کو بدلنے کا موقع مل جاتا ہے۔ ہمارے خیال میں یہاں بھی ایسا ہی ہوا اور بڑی مچھلیوں کو پہلے سے ہی خبردار کر دیا گیا۔ بہرحال جب آپریشن کا آغاز ہوا تو فوری طور پر تو ایسا محسوس ہوا کہ حالات میں بہتری واقع ہو رہی ہے لیکن وقت گزرنے کے بعد اگر مجموعی نتائج کا احاطہ کیا جائے تو صورت حال تسلی بخش محسوس نہیں ہوتی۔ شہر میں مختلف مکاتب فکر کے علمائے کرام، سیاسی کارکنوں، پولیس اہل کاروں اور عام شہریوں کی ہلاکتوں، ٹارگٹ کلنگ اور قتل و غارت گری اور بھتہ خوری سمیت دیگر وارداتوں کا سلسلہ تاحال جاری ہے، کیونکہ گرفتار ملزمان کو سزائیں نہیں ملی ہیں اور آپریشن کرنے والے مصلحتوں کا شکار ہیں۔

ایم کیو ایم نے اب اس آپریشن کو اپنے خلاف آپریشن قرار دینا شروع کر دیا ہے اور وہ واویلا مچا رہی ہے کہ آپریشن کی آڑ میں صرف ایم کیو ایم کو ہی نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ ایم کیو ایم نے اس

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آپریشن کے خلاف بیانات دینے اور اس کی مخالفت کرنے کا سلسلہ اس وقت شروع کیا جب نارتھ ناظم آباد میں ایک پولیس پارٹی پر حملے کے الزام میں ایم کیو ایم کے ایک سابق رکن سندھ اسمبلی کو گرفتار کیا گیا۔ اس پر ایم کیو ایم نے شدید احتجاج کیا اور شہر میں احتجاج کی کال دی، جب کہ ایک موقع پر کراچی کے پولیس چیف شاہد حیات نے بھی ایک پریس کانفرنس کر کے یہ اعلان کیا کہ کراچی میں دہشت گردی، بھتہ خوری، قتل و غارت گری اور ٹارگٹ کلنگ کی بیش تر وارداتوں میں ایم کیو ایم ملوث ہے۔ اس پریس کانفرنس کے بعد ایم کیو ایم نے پولیس چیف شاہد حیات کے خلاف بھی محاذ کھول دیا اور انھیں ان کے عہدے سے برطرف کرنے کا مطالبہ کیا۔، جب کہ رینجرز کے ذمہ داران کی طرف سے بھی ایم کیو ایم کے خلاف بیانات سامنے آئے جن میں ان کا کہنا تھا کہ ایم کیو ایم سے وابستہ افراد شہر میں جاری قتل و غارت گری، ٹارگٹ کلنگ اور بھتہ خوری کی وارداتوں میں ملوث ہیں۔ جب دہشت گردوں، قاتلوں، ٹارگٹ کلنگ اور بھتہ خوری کے مجرموں کے چہرے اور ان کے سرپرستوں کے نام عوام کے سامنے آنا شروع ہوئے تو ایک نیا شوشہ چھوڑا گیا اور مطالبہ کیا گیا کہ پولیس، رینجرز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے جن مجرموں کو گرفتار کر رہے ہیں ان کی سیاسی وابستگیاں ظاہر نہ کی جائیں۔ یہ مطالبہ بھی ایم کیو ایم کی طرف سے کیا گیا اور پھر سیاسی وابستگیاں ظاہر کرنے کا سلسلہ بند کر دیا گیا۔

قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ذمہ داران کی طرف سے یہ بات بھی بار بار کہی گئی ہے کہ کراچی میں سیاسی جماعتوں نے عسکری ونگ بنائے ہوئے ہیں۔ ان میں حکمراں جماعتیں اور ان کے اتحادی شامل ہیں۔ اس ساری صورت حال کے باوجود یہ ایک ٹھوس حقیقت ہے اور یہ بات ریکارڈ پر موجود ہے کہ اب تک شہر میں جتنے بھی مجرم گرفتار ہوئے ہیں ان میں سب سے زیادہ تعداد ایم کیو ایم سے وابستہ افراد کی ہے۔ عدالت عظمیٰ میں بھی جب ایک موقع پر سرکاری طور پر دہشت گردوں اور گرفتار مجرموں کے نام پیش کیے گئے تھے تو ان میں بھی ایم کیو ایم سے وابستہ افراد کی تعداد سب سے زیادہ تھی۔ ایم کیو ایم مختلف ہتھکنڈوں اور بلیک میلنگ کے طریقوں سے خود اپنے خلاف ہونے والی کارروائیوں کو ختم کرنے کی تگ و دو میں لگی ہوئی ہے اور مستقبل قریب میں اس بات کی امید اور توقع کم ہی نظر آتی ہے کہ کراچی کے ستم رسیدہ عوام اس عذابِ مسلسل سے نجات حاصل کر پائیں گے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ڈاک خرچ ادارہ خود
برداشت کرے گا

# BUSINESS REPLY CARD

PERMIT NO. 15/LR G.P.O. LAHORE

پاکستان میں اس
پر ٹکٹ لگانے
کی ضرورت نہیں

5 سالہ خریداری

ماہنامہ عالمی
ترجمان القرآن

MONTHLY AALMI
**TARJUMAN-UL-QURAN**

33-Zainab Park, Near Mansoora,
Multan Road - LAHORE-54600
PAKISTAN
PH: 042 - 35427915 - 5427916

33۔ زینب پارک،
نزد منصورہ، ملتان روڈ،
لاہور-54600 پاکستان

ڈاک خرچ ادارہ خود
برداشت کرے گا

BUSINESS REPLY CARD

PERMIT NO. 15/LR G.P.O. LAHORE

پاکستان میں اس
پر ٹکٹ لگانے
کی ضرورت نہیں

سالانہ خریداری

ماہنامہ عالمی
ترجمان القرآن

MONTHLY AALMI
TARJUMAN-UL-QURAN

33-Zainab Park, Near Mansoora,
Multan Road - LAHORE-54600
PAKISTAN
PH: 042 - 35427915 - 5427916

33۔ زینب پارک،
نزد منصورہ، ملتان روڈ،
لاہور-54600 پاکستان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

-/600 روپے کی بچت

5 سال کے لیے -/2100 روپے کی بجائے -/1500 روپے

سیرت و کردار کی تعمیر کے لیے دنیاوی و اُخروی فلاح کے لیے

میں آپ کے رسالے کا 5 سال کے لیے خریدار بننا چاہتا ہوں۔ میرا پتہ درج ذیل ہے:

نام: ______

پتہ: ______

______

ٹیلیفون رہائش: ______

دفتر: ______ موبائل: ______

فیکس نمبر: ______ ای میل: ______

طریقہ ادائیگی

مجھے ماہ ______ سے پرچہ جاری کر دیں۔ زرتعاون مبلغ -/1500 روپے:

☐ بذریعہ وی پی پی ارسال کریں گے۔

☐ بذریعہ منی آرڈر رسید نمبر ______ ارسال کر دیے ہیں۔

☐ ترجمان القرآن کے بنک آف پنجاب، اچھرہ، اکاؤنٹ نمبر 0-000-792-800 میں آن لائن جمع کروا دیے ہیں۔

بذریعہ ڈیپازٹ سلپ نمبر ______ مؤرخہ ______

☐ بذریعہ بنک ڈرافٹ / چیک (صرف لاہور کے بنک کا) نمبر ______ بھجوا رہا ہوں۔

پہلے سے خریداری کی صورت میں خریداری نمبر ______

---

پاکستان کا سب سے زیادہ شائع ہونے والا رسالہ جو ملی و ملکی مسائل سے آگہی دیتا ہے

-/70 روپے کی بچت

-/420 روپے کی بجائے -/350 روپے

میں آپ کے رسالے کا سالانہ خریدار بننا چاہتا ہوں۔ میرا پتہ درج ذیل ہے:

نام: ______

پتہ: ______

______

ٹیلیفون رہائش: ______

دفتر: ______ موبائل: ______

فیکس نمبر: ______ ای میل: ______

طریقہ ادائیگی

مجھے ماہ ______ سے پرچہ جاری کر دیں۔ زرتعاون مبلغ -/350 روپے:

☐ بذریعہ وی پی پی ارسال کریں گے۔

☐ بذریعہ منی آرڈر رسید نمبر ______ ارسال کر دیے ہیں۔

☐ ترجمان القرآن کے بنک آف پنجاب، اچھرہ، اکاؤنٹ نمبر 0-000-792-800 میں آن لائن جمع کروا دیے ہیں۔

بذریعہ ڈیپازٹ سلپ نمبر ______ مؤرخہ ______

☐ بذریعہ بنک ڈرافٹ / چیک (صرف لاہور کے بنک کا) نمبر ______ بھجوا رہا ہوں۔

پہلے سے خریداری کی صورت میں خریداری نمبر ______

© rasailojaraid.com